ہے ورنہ وہ تحفہ نہیں تاوان اور جرمانہ ہوگا۔
۳۔شادی کے موقعہ پر لڑکی کو جو زیور یا سامان دیا جاتا ہے اس کے بارے میں یہ تصور صحیح نہیں ہے کہ وہ شوہر یا سسرال والوں کی ملکیت ہے۔اس کی مالک اصلاً لڑکی ہوتی ہے۔اس کی اجازت کے بغیر اس میں تصرف نہیں کیا جا سکتا۔
۴۔آخری بات یہ کہ اسلام نے نکاح کو آسان رکھا ہے۔اس لئے سماج کی وہ ساری بندشیں جن سے اس میں دشواری پیدا ہو قابل مذمت ہیں۔ان سے ایک مسلمان کو احتراز کرنا چاہئے۔

یہ ہے وہ اعتدال کی راہ جو اسلام نے دکھائی ہے۔اس میں محبت اور ہمدردی ہے، حسن سلوک ہے،ظلم و زیادتی کی ممانعت ہے اور اس کے ساتھ انسان کے جذبات اور ضروریات کی بھرپور رعایت بھی ہے۔اس پر عمل ہو تو جہیز کے جھگڑے ہی ختم نہیں ہوں گے بلکہ پرسکون خاندانی زندگی بھی نصیب ہوگی۔کاش کہ انسان اس طرف پلٹ آئے۔

ادارہ کا اشاعتی پروگرام

ادارہ کے اشاعتی پروگرام کے تحت اس وقت صدر ادارہ مولانا صدرالدین صاحب اصلاحی زید مجدہ کی کتاب 'معرکۂ اسلام و جاہلیت' کتابت کے آخری مراحل سے گزر رہی ہے۔ مولانا محترم نے اس کتاب میں اسلام اور جاہلیت کی ابدی کشمکش کو اپنے مخصوص عالمانہ انداز میں بڑی وضاحت اور تفصیل سے پیش فرمایا ہے اور عقل و نقل کی روشنی میں موضوع کے ہر پہلو کا بہت ہی دیدہ ریزی سے جائزہ لیا ہے۔اس کے ساتھ اسلوب بیان اس قدر پرکشش ہے کہ قاری [illegible] کے مضامین میں گم ہو جاتا ہے۔مولانا محترم ہی کے ایک کتابچہ 'دعوت اسلام اور [illegible]' کا انگریزی ترجمہ بھی (Muslims and Dawah of Islam) کے نام سے اس وقت پریس میں ہے۔
ایک اور ضخیم کتاب 'عہد نبوی کے غزوات و سرایا' کی بھی اس وقت کتابت ہو رہی

ہے ۔ یہ دراصل ایک تحقیقی مقالہ ہے جس پر محترمہ ڈاکٹر رؤفہ اقبال (ریڈر شعبہ دینیات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ) نے ڈاکٹریٹ کی سند حاصل کی تھی ۔ اس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کی تفصیل ہی نہیں پیش کی گئی ہے بلکہ یہ بھی ثابت کیا گیا ہے کہ یہ سارے غزوات امن اور عدلِ اجتماعی کے لئے ناگزیر تھے ۔

ان کتابوں کی اشاعت کے لئے اندازاً بیس ہزار روپیہ کی ضرورت ہوگی ۔ اپنے ان مخلصین سے، جو بہر حال کم نہیں ہیں اور جو اس طرح کی علمی و فکری کاموں کی ضرورت اور اہمیت محسوس کرتے ہیں اور انھیں قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، درخواست ہے کہ وہ ان کی اشاعت میں تعاون فرمائیں ۔ تعاون کی جو بھی شکل وہ پسند کریں اختیار فرما سکتے ہیں ۔ انشاء اللہ یہ ان کے حق میں صدقہ جاریہ ہوگا ۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیعُ اَجرَ المُحسِنِین

تصانیف سید جلال الدین عمری

انسان اور اس کے مسائل	۳/-	اسلام اور وحدت بنی آدم	۷۵/-
عورت اور اسلام	۳/-	دولت میں خدا کا حق	۷۰/-
خدا اور رسول کا تصور (اسلامی تعلیمات میں)	۵/-	مسلمان خواتین کی ذمہ داریاں	۲/-
اسلام کی دعوت	۸/-	معروف و منکر	۶/۵۰
عورت ۔ اسلامی معاشرہ میں	۱۲/-	انسانوں کی خدمت	۷۵/-
اسلام اور اس کی دعوت	۱/۲۵	بچے اور اسلام	۵۰/-

ملنے کا پتہ

مرکزی مکتبہ اسلامی ۔ بازار چتلی قبر ۔ دہلی ۶